پریس ریلیز

گوجرانوالہ26اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے نائب صدر عادل ندیم نے کہا کہ ہے کہ سوشل سکیورٹی ہسپتال میں ورکرز اوران کے لواحقین کو دی جانے والی طبی سہولیات انتہائی تسلی بخش ہیں۔ بزنس کمیونٹی ہر ماہ اپنے ورکرز کی سوشل سکیورٹی واجبات پوری ذمہ داری کے ساتھ جمع کروا رہی ہے جس سے آجر واجیر دونوں کو فائدہ ہورہا ہے۔ معیشت کے استحکام میں مزدور کا کلیدی کردار ہے مزدور کو سہولتیں فراہم کئے بغیر نہ صنعت کا پہیہ چل سکتا ہے اور نہ ہی ادارے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ جبکہ مزدوروں کی خوشحالی کامیاب صنعتوں کی ضامن ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوشل سکیورٹی ہسپتال میں نئ ڈائلیسس سنٹر کے افتتاح کے موقع پر کیا۔جبکہ وفد میں اراکین مجلس عاملہ شاہد الرحمان، ساجد لطیف بٹ، نعیم آصف شامل تھے۔اس موقع پر ڈاکٹر زاہد ایم ایس سوشل سکیورٹی ہسپتال اوران کی ٹیم نے وفد کا استقبال کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا وزٹ بھی کروایا۔

انہوں نے کہا کہ جہاں تک گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کا تعلق ہے گوجرانوالہ چیمبر سوشل سکیورٹی ہسپتال کی اپ گریڈیشن کیلئے ماضی میں بھی اپنا کردار ادا کرتا رہا ہے اور اب بھی کررہا ہے۔ایم ایس سوشل سکیورٹی ڈاکٹر زاہد نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بالکل ہمیں ایسے اقدامات کرنے ہیں جن سے آجر اوراجیر سمیت کسی کا بھی استحصال نہ ہو یقیناً دونوں کے باہمی تعاون سے ہی اہداف حاصل کئے جاسکتے ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ آج جن ڈائلیسس سنٹر کا افتتاح کیا ہے یہ مشینری جاپانی اور جدید ٹیکنالوجی کی حامل ہیں۔ پہلے ہمیں مریضوں کو دیگر ہسپتالوں کو ریفر کرنا پڑتا تھا اب ہمیں یہ سہولت اپنے ہی ہسپتال میں باآسانی دستیاب ہے۔انہوں نے نائب صدر گوجرانوالہ چیمبر کے ویژن کی تعریف کی اور مستقبل میں بہتر لائزان پر اتفاق کیا۔